فوری ریلیز کے لیے: 2023/3/3 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا کوہوز کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے چھٹے مرحلے کے تحت دارالحکومتی علاقے سے 10$ ملین کا فاتح قرار دینے کا اعلان***

***ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم جزو ہیں***

***ریاست کوہوز کے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے اس کے رہائشیوں، کمیونٹی رہنماؤں اور عوامی عہدیداران کے ساتھ مل کر کام کرے گی***

گورنر Kathy Hochulنے آج اعلان کیا ہے کہ کوہوز کے شہر کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے چھٹے مرحلے کے تحت دارالحکومتی خطے سے فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے راؤنڈ 6 کے لئے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو 10$ ملین دیے جا رہے ہیں، جس سے ریاست کی جانب سے 100$ ملین ڈالر کی مالی اعانت اور سرمایہ کاری کا وعدہ پورا ہو جائے گا اور کمیونٹیز کو اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو متحرک علاقوں میں تبدیل کر کے اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔

"کوہوز کے ڈاؤن ٹاؤن میں سرمایہ کاری کے ذریعے، ہم اس خوبصورت اور کشادہ دل رکھنے والی کمیونٹی کی ترقی کو یقینی بنا رہے ہیں جس کا لطف اس کے رہائشی اور سیاح طویل عرصے سے اٹھا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ مالی اعانت یہ یقینی بنائے گی کہ خیرہ کن آبشاروں سے لے کر زندگی سے بھرپور ڈاؤن ٹاؤن تک، تمام تر کوہوز، ایک ایسی جگہ بن سکیں جہاں رہائشی کام کر سکیں، کھیل سکیں، اور آنے والی نسلوں تک ترقی کر سکیں۔"

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے جو ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کو سرگرمی کے ایسے متحرک مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی کا پیش خیمہ ہیں اور کاروباروں، ملازمتوں اور معاشی و رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتے ہیں۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، بنیادی سطح سے اوپر جانے والی، کمیونٹی میں قائم شدہ منصوبہ بندی کے ذریعے، ہر منتخب کردہ کمیونٹی ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس کے ڈاؤن ٹاؤنز کی بحالی کے لئے ایک نظریے کی وضاحت کرے گا اور کلیدی نوعیت کے حامل ایسے پروجیکٹس کی فہرست کی نشاندہی کرے گا جن میں انقلابی تبدیلیاں لانے کی صلاحیت موجود ہو اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاریوں سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے۔ اس کے بعد ریاست کا محکمہ ایسے منتخب شدہ منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جو احیائے نو کے فوری آغاز اور کمیونٹی کے خواب کو سچ کر دکھانے کی سب سے زیادہ صلاحیت رکھتے ہوں۔

**کوہوز**
کوہوز بڑی صلاحیتوں سے آراستہ ایک چھوٹا سا شہر ہے۔ ریستورانوں، ریٹیل اسٹورز، نوادرات کی دوکانوں، آرٹ گیلریوں اور تفریح کے مقامات پر مشتمل پھلتی پھولتی کمیونٹی کا ایک گڑھ ہونے کے ساتھ ساتھ، ان کی معاونت کے لیے تیزی سے بڑھتی رہائشی آبادی کا حامل کوہوز کا ڈاؤن ٹاؤن، تبدیلی کے آغاز کے لیے تیار ہے۔ 19ویں صدی کے فن تعمیر کے پس منظر میں قائم متفرق کاروباروں کا ایک مجموعہ، متعدد سرسبز قطعوں اور ایک کمیونٹی گارڈن کے امتزاج کے ساتھ، ماضی میں جکڑی ایک جدید کمیونٹی کا احساس تخلیق کرتا ہے۔ راک دی بلاک، ایٹ ان دی

اسٹریٹ، ونگ وارز، سوپ سٹرول، علاقائی فوڈ بینک کا میک اینڈ چیز بول اور دیگر بہت سی خصوصی تقریبات رہائشیوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرتی اور ڈاؤن ٹاؤن کے رنگوں میں اضافہ کرتی ہیں۔ یہ معیارِ زندگی صرف ایک تاثر نہیں، بلکہ کوہوز کی اس مسلسل بڑھتی ہوئی آبادی کا واضح مظہر ہے جو جوان ہو رہی ہے اور زیادہ تنوع کی حامل ہے۔

گزشتہ کئی برسوں کے دوران، نجی اور سرکاری شعبوں کی نمایاں سرمایہ کاریوں نے نوکریوں کی پیداوار میں اضافہ کیا ہے، جس سے ڈاؤن ٹاؤن کی معیشت اور ملینیئلز کے بڑھتے ہوئے تناسب اور متنوع آبادیوں کو فروغ ملا ہے۔ کوہوز ان حالیہ سرمایہ کاریوں اور اپنے تاریخی اثاثوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک خیرمقدمی، پیدل چلنے کے قابل علاقے کو پروان چڑھانا چاہتا ہے جہاں رہائشی اور مہمان کھانے پینے، خریداری اور تفریح کے متنوع امکانات سے لطف اٹھا سکیں۔ DRI کوہوز کو ایک قابل رسائی، قابلِ چہل قدمی ڈاؤن ٹاؤن کے طور پر تقویت بخشے گا جہاں سہولیات کی بھرمار ہو گی جو سڑکوں کے مقابل قائم دوکانوں پر مشتمل عمارتوں کی اوپری منازل کو رہائشی مقاصد کے لیے واپس حاصل کرنے، تاریخی عمارتوں کی بیرونی دیواروں کی بحالی اور ڈاؤن ٹاؤن تک آمد اور اس علاقے کے اندر رابطے کی سہولیات میں بہتری کے ذریعے شہر کو ایک شاندار علاقائی منزل بناتی ہیں۔

دارالحکومتی خطے کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے میں کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور کوہوز کو نامزد کرنے کی سفارش سے قبل ذیل کے تمام معیارات پر غور کیا ہے:

- ڈاؤن ٹاؤن پختہ جگہ ہے، جس کی سرحدیں بخوبی متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن پہلے سے موجود سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، یا مستقبل میں کی جانب والی نجی اور سرکاری سرمایہ کاریوں کا سببین سکتا ہے؛
- شہر کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کا حالیہ یا متوقع فروغ جو کہ کارکنوں کو راغب کر سکتا ہے، تعمیر نو میں معاونت کرتا ہے اور ترقی کو پائیدار بناتا ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن یہاں کی متنوع آبادیوں کے لئے ایک پُرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت پہلے سے موجود ہے جو قابلیتِ رہائش اور معیار زندگی بڑھانے میں اپنا کردارادا کرتی ہیں؛
- اس میونسپلٹی نے کشادہ ذہنیت کی حامل اور ایک مضبوط کمیونٹی شمولیت انجام دی جو کہ ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو اور پروجیکٹس اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار کرنے کے ویژن کے نتیجے میں ہوا؛
- اس میونسپلٹی میں DRI عمل کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے جلد نفاذ کے لئے تیار ہوں گے۔

کوہوز کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 10$ ملین سے نوازا گیا ہے تاکہ اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے مضافاتی علاقوں میں زندگی کی رونقیں بحال کی جا سکیں اور مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد طویل المدتی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہو سکیں۔ کوہوز گلینز فالز، ہڈسن، البانی، سکینیکٹیڈی، ٹینرزویل اور ٹرائے جیسی کمیونٹیز میں شامل ہو چکا ہے جو پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں دارالحکومتی خطے سے فاتح رہ چکی ہیں۔

کوہوز 10$ ملین کی DRI گرانٹ میں سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ساتھ اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے سٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان احیائے نو کے ایسے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کے ضمن میں رہنمائی کرے گا کہ جن سے ڈاؤن ٹاؤن کے لئے کمیونٹی کے ویژن میں پیش رفت ہو گی

اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا سکیں اور اس میں توسیع لا سکیں۔ DRI کے چھٹے مرحلے کے لئے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی CEO، صدر اور کمشنر Hope Knight نے کہا کہ،** "یہ نظارہ جوش سے بھرپور ہے کہ DRI نے کیسے نیو یارک کے اطراف میں موجود ڈاؤن ٹاؤنز کے احیائے نو کو جاری رکھا ہوا ہے، اور کوہوز کا شہر جلد ہی اپنے اندر تبدیلی کے اثرات کا براہ راست مشاہدہ کرے گا۔ یہ فنڈنگ اس "شہرِ تکلہ" کو زیادہ قابل رسائی اور پیدل سفر کے قابل بنانے کے لیے اپنے اہداف کے ادراک میں مدد کے ساتھ ساتھ اس کی تاریخی عمارتوں اور اسٹور فرنٹس کی بحالی میں مدد دے گا تاکہ نئے رہائشیوں اور سیاحوں کی توجہ حاصل کی جا سکے اور مستقبل میں اس کی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔"

**سیکرٹری برائے اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ہماری ریاست ڈاؤن ٹاؤن کے دوبارہ عروج کے ایک نشاۃ ثانیہ کا تجربہ کر رہی ہے، اور ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام چھٹے مرحلے میں بھی اپنی رفتار کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹی میں حالیہ سرمایہ کاریوں اور نوجوان، زیادہ متنوع رہائشیوں کے بہاؤ کے ساتھ، کوہوز اصل تبدیلی کے دہانے پر ہے، اور DRI کے ذریعے یہ فنڈز شہر کو اس ویژن کو حاصل کرنے میں مدد دیں گے۔ اس انعام پر کوہوز کے شہر کو مبارکباد۔"

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا کہ،** "کوہوز بے پناہ مواقع کے ساتھ ایک متنوع شہر ہے اور اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے ریاست کا 10$ ملین کا وعدہ اس کی پھلتی پھولتی کمیونٹی کے لیے حیات نو ثابت ہو گا۔ گورنرHochul اور ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو پیش رفت کی بدولت، ہم نئے رہائشی مواقع تخلیق کر سکتے ہیں اور موجود اسٹور فرنٹس کی ایسے تزئین و آرائش کر سکتے ہیں کہ جو موجودہ اور مستقبل کے رہائیشیوں کو فائدہ دے گی اور پورے دارالحکومتی خطے میں ہونے والی اضافی اسٹریٹجک سرمایہ کاریوں کو دوچند کرے گی"

**کیپیٹل REDC کے شریک چیئرمین، ایگزیکٹو نائب صدر، صدر برائے ویلتھ مینجمنٹ اور NBT بینک کے علاقائی صدر Ruth Mahoney اور البانی یونیورسٹی کی صدر Dr. Havidán Rodríguez نے کہا کہ،** "کوہوز دارالحکومتی خطے میں ایک ابھرتی ہوئی کمیونٹی ہے، اور DRI اسے خود کو ایک متنوع اور رنگا رنگ مقام کے طور پر مزید فروغ دینے میں مدد دے گا۔ کیپیٹل REDC اسٹریٹجک کمیونٹی کا منتظر ہے- ایسے موزوں پروجیکٹس جو رہائشیوں اور نووارد افراد کو شہر کی پیشکشوں سے جوڑیں گے۔"

**ریاستی سینیٹر Jacob Ashby نے کہا کہ،** "DRI گرانٹ کے لیے کوہوز کو منتخب کرنے کا گورنر کا فیصلہ دانائی پر مبنی ہے۔ یہ وسائل، شہر کی سستی رہائشی سہولیات، جوشیلے ریسٹورانوں اور رنگا رنگ آرٹ کی دنیا میں سرکاری اور نجی شعبوں کی سرمایہ کاری سے شروع ہونے والی ترقی اور پیش رفت کے سلسلے کو بڑھاوا دیں گے۔ مجھے اس کی معاونت پر فخر ہے۔"

**رکن اسمبلی John T. McDonald III نے کہا کہ،** "کوہوز کے سابق میئر اور موجودہ رکن اسمبلی ہونے کے ناتے، میں نے اپنے آبائی علاقے کے لیے ہمیشہ اس ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو پیش رفت جیسے مواقع کا خواب دیکھا ہے۔ میں شہر اور اپنے ان رہائشیوں کے لیے بے حد خوش ہوں کہ جو اس تبدیلی لانے والے پروجیکٹ سے فائدہ اٹھائیں گے۔ میں گورنر Kathy Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور اس کا سہرا ان کے سر باندھتا ہوں اور اس جانب توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ انتظامیہ اور مقننہ نے اس منصوبے کی اہمیت سے پورے دل سے ساتھ اتفاق کیا۔ مزید براں، کوہوز کے لیے DRI گورنرHochul کی جانب سے ایگزیکٹو بجٹ میں تجویز کردہ نیو یارک ہاؤسنگ کمپیکٹ میں منطقی اعتبار سے موزوں بیٹھتا ہے۔ DRI کے ذریعے ہم اپنے ان شہری مراکز میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں جنہوں نے ہمارے مضافات کو جنم دیا ہے اور ان شہری مراکز کی کامیابی ہی ظاہری ترقی کا سبب بنتی ہے۔ ریاستِ نیو یارک کو زیادہ قابلِ رہائش اور سستا بنانے کے لیے ہمارے کام کرنے کے ساتھ، ریاستی وسائل کی یہ ایک بہترین سرمایہ کاری ہے نیز رہائشی علاقوں کی ترقی میں اضافہ وسیع تر کاروباری مواقع کا سبب بنے گا۔ یہ نیویارک کے تمام باشندگان کی اصل فتح ہے۔"

**ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو پیش رفت کے بارے میں**
ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کے طور پر اپنا کردار ادا کر سکے۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتا ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ اسٹریٹیجک منصوبہ بندی کو جوڑتا ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، پیدل چلنے کے قابل ڈاؤن ٹاؤن وجود میں آتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثرہ اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے، نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دینے اور نجی گاڑیوں پر انحصار میں کمی کے ذریعے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں $600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو احیائے نو کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، وسیع تر اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے زرخیز مقام بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے $10 ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں